# پیش لفظ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

**الحمد للّٰہ الذی جعل یوم الجمعة سید الأنام، واختص به هذه الأمة من بين الأنام، أحمده على نعمه العظام، وأشهد أن لا إله إلا اللّٰہ الملک العلام، وأشهد أن محمدا عبده ورسوله صلى اللّٰہ عليه وعلى آله وأصحابه، ما تعاقبت الليالي والأيام، وسلم تسليماً كثيراً.**

فتاوی علمائے ہند کی چودھویں جلد آپ کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے،الحمدللہ اس جلد میں سجدۂ سہو وسجدۂ تلاوت،مسافر کی نماز اور خاص طور پر جمعہ کی نماز کے مسائل مذکور ہیں۔ جمعہ کا دن ان تمام دنوں میں جن میں سورج طلوع ہوتا ہے سب سے بہتر دن ہے۔ اسی دن آدم علیہ السلام کی تخلیق ہوئی اور اسی دن قیامت قائم ہوگی۔ یہ مسلمانوں کی عید کا دن ہے؛ اس لیے تم اس کی عظمت سمجھو،جس کو اللہ نے باعظمت قرار دیا ہے۔اسی وجہ سے اس میں درج ذیل امور مشروع ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما سے مرفوعا روایت ہے: ''جمعہ کے دن جو غسل کرے،سویرے مسجد جائے اور خطیب کے قریب بیٹھے اور توجہ سے خطبہ سنے تو مسجد آنے والے کے ہر قدم کے بدلے ایک سال کے قیام وصیام جیسا ثواب ہے''۔(مسند احمد)

اس مجموعہ کی تکمیل میں پوری تحقیق کے ساتھ کام لینے کی کوشش کی گئی ہے، جو کہ محض خداوند قدوس کے فضل وکرم اور اس کے احسان ان کے صدقے میں ممکن ہو پایا ہے۔اللہ تعالی کا احسان ہے کہ فتاوی علمائے ہند کا یہ سلسلہ اہل علم میں خوب مقبول ہورہا ہے؛ لیکن بہر صورت یہ ایک بشری کاوش ہے،جس میں خطاوصواب کا امکان ہے، چنانچہ اہل علم سے گزارش ہے کہ متنبہ فرماتے رہیں؛ تاکہ آئندہ ایڈیشن میں ازالہ ممکن ہو سکے۔

میں شکر گزار ہے اپنے بزرگوں اور اپنے ساتھیوں کا جنھوں نے اس جلد کو تیار کرنے میں انتھک کوشش ومحنت کی، اللہ تعالی بہترین جزائے خیر عطا فرمائے اور اسے ذخیرہ آخرت بنائے۔

بندہ محمد اسامہ شمیم الندوی

رئیس المجلس العالمی للفقہ الاسلامی ممبئی (الھند)

۱۱؍جمادی الاولی ۱۴۳۹ھ،مطابق: ۲۸؍جنوری ۲۰۱۸ء